بندہ جو امین و پارسا ہو
یہ قول خدیجہ خوش اوقات
ورقہ نوفل کا جو پسر تھا
تھا علم و ہنر مین مرد اوستاد
جو سانحہ آپ پر تھا گذرا
لو آپ ہوی نبی ذیجاہ
عالم ہوا خبث شرک سی پاک
معبود خدای ذوالکرم ہے
بس وانسی حضور ہوکی رخصت

حق سب کی حضور سی ادا ہین
کیونکر وہ بلا مین مبتلا ہو
وہ لایقِ منصبِ ہدیٰ ہو
تجویز صحیح تھی قیاسات
پیر مرتاض و خوش سیر تھا
بہائی تھا خدیجہ کا چچازاد
ورقہ کو وہ سربسر سنایا
خالق کی رسول بارک اللہ
بیشک حضرت ہین شاہ لولاک
تو اوسکا رسول محترم ہے
داخل ہوی گھر مین با مسرت

بیان ایمان حضرت صدیق اکبر و حضرت علی رضی اللہ عنہما

لکھون حالِ علی و صدیق
مدح صدیق و وصفِ حیدر
یہ امر ہی جیون سحر ہویدا
ہی ایک جو صدرِ اہل ایمان
اک یارِ حبیبِ کبریا ہے
اک بحرِ ہدیٰ کا آشنا ہے
اک بلبلِ شاخسارِ عرفان
اک شاہ سریرِ ثانی اثنین
اک صاحبِ آیہ سکینہ
گر ایک ہی کوکبِ ہدایت
اک فاتحِ بابِ اہتدا ہے
دونو کی جو لکہ رہا ہی مدحت
دونو کی ولا مین ہی جو یکتا

ہوجای قلم بھی گرمِ تحقیق
لکھنے سی ہین گو یہ دونو باہر
دونو کی نہین جواب پیدا
تو ایک ہی فخرِ اہلِ عرفان
اک سرِّ کمالِ مصطفا ہے
اک کشتیِ دین کا ناخدا ہے
اک زیب دہِ بہارِ عرفان
اک وارثِ علم شاہ دارین
ہی خاتمِ دین کا اک نگینہ
تو ایک ہی نیّرِ ولایت
اک خاتمِ منصبِ ہدیٰ ہے
بس دونو جہان کی ہی یہ دولت
دونو کو ہی ایک ہی سمجھتا

خامہ کیا صاف لکہ رہا ہے
سمجھا ہون جو ذکر انکا طاعت
اک مہرِ منیرِ اعتلا ہے
اک رونقِ بزمِ آشنائی
اک مخلص و مونسِ پیمبر
دریای کرم کا ایک گوہر
اک دین کی فلک کا قطبِ اعظم
اسلام کا ایک رکن برتر
اک زبدۂ جمیع اصفیا ہی
دونو ہین خلیفۂ پیمبر
دونو کی ولا سی جیب و دامان
دونو کی ثنا کا جو مزا ہے
یکرنگی ہی شانِ کبریائے

صدیق و علی کی داستان ہے
سچے راوی سی جو سنا ہے
حاصل کرتا ہون یہ سعادت
اک نیّرِ برجِ ارتضا ہے
اک سیدِ انبیا کا بہائی
فرزند ہی ایک اور برادر
ہی برجِ سخا کا ایک اختر
اک بیشۂ لافتیٰ کا ضیغم
تو ایک ہی شہرِ علم کا در
اک خسروِ خیلِ اولیا ہے
اول آخر کی زیب یکسر
بہرتا ہی بہری ہوی ثنا خوان
دونو ہاتہو سی لوٹتا ہے
یکجان مین دوئی نہین سمائے

جیون شمع جدا جدا ہین دو بن
پر ایک ہی لو مین ہین یہ روشن

ای بار خدا و رب داور
دونو کی ولا مجھی عطا کر

دونو کی طفیل سے خدایا
عزت مری دو جہان مین رکھنا

بس ہو چکی طبع آزمائی
دیکھی تری قلب کی صفائی

دن ہو گیا اور رسولؐ اطہر
نکلے دولت سرا سے باہر

کہ دیکھی راز دل سے آگاہ
لی آپ نی اونکی گھر کے ہمراہ

یار صحبت رفیق و ہمدم
ہر راز سی شاہ دین کی محرم

جس سمت شہ رسل نکلتے
یہ سایہ کیطرح ساتھ چلتے

ہوتا سایہ نبیؐ کا کیونکر
صدیق تھا سایۂ پیمبر

یار شہ عالم اوسکو پاکر
حق کہتا ہے صاحب پیمبرؐ

جذب باطن ہوا موافق
رستی مین ملا وہ یار صادق

حضرت کو جو سامنی سی دیکھا
تسلیم کو جھک گیا وہ شیدا

فرمایا نبیؐ نی ای فدائی
یان شوق نی کی ہی پیشوائی

احوال نہان و آشکارا
صدیق کو آپ نی سنایا

جبریل کا وہ لپٹ کے ملنا
وہ خوف خدا سی دل کا ہلنا

صدیق تقی نی با مسرت
سنتے ہی یہ مژدہ و بشارت

بوسہ دیا دست شاہ دین پر
پھر سجدہ مین جھک گیا زمین پر

ہی کوئی نہین شریک تیرا
اول آخر مین تو ہی ہوگا

ایمان لایا مین دل سی اسکا
تو رب ہی یہ ہی رسول تیرا

ہی اسپہ وہ سب خطاب برحق
نازل ہوی جو کتاب برحق

پھر اوسنی یہ عرض کی کہ شاہا
تھا شبکو مین اپنے گھر مین سوتا

کاشانہ نور گھر ہے سارا
پھیلا نور قمر ہے سارا

دیکھا تھا جو شب کو مین نے رویا
اب صبحکو خواب سی جو اوٹھا

حضرت سی کرون وہ سب مین تقریر
پوچھون رویا کی اپنی تعبیر

وہ روشنی اور وہ ماہ کی ضو
حضرت کی یہ لطف کا تھا پرتو

جیون شیر و شکر ہین گرمجوشان
طالب وہین ایک ہی جا

دل مین صدیق کے ولا ہو
اور سینے مین حب مرتضیٰ

ہان روک زبان ادب کی ہی جا
گستاخ بہت نہو مسیحا

عرض مطلب مین اب نکر دیر
شبدیز قلم کی بس عنان پھیر

اس قصد پہ نکلی گھر سی حضرت
صدیق سی کہئی یہ حکایت

بچپن سی وہ مونس نبی تھا
باہم ربط یگانگی تھا

اس درجہ بڑھی تھی آشنائی
ہوتی ہی نتھی کبھی جدائی

تھی ظل خدا رسول والا
یہ سایہ تھا شاہ دوسرا کا

وہ ذات تھی پرتو خدا کا
یہ سایہ تھا ظل کبریا کا

القصہ رسولؐ ہر دو عالم
جاتی تھی بسوی یار ہمدم

جیون آپ سی ہو گیا مقابل
فرط الفت سی ہل گیا دل

کی عرض کہ ای حضور والا
مین خدمت پاک مین چلا تھا

بیٹھے یہ کہکے قبلۂ دین
فرما کی بہت سی اوسکی تسکین

وہ غار حرا کی سب حکایت
وہ حال فشار اور وہ قرآن

وہ عرض خدیجۂ خوش آئین
ایمان ورقہ کا اور وہ تسکین

آنکھون سی بہایا اپنے دریا
بحر الفان مین جوش آیا

کی عرض کہ دیتا ہون گواہی
معبود بحق ہی تو الٰہی

اور ہی یہ رسولؐ و قبلۂ دین
بیشک ہی یہ خاتم النبیین

نازل ہوا جو صحیفہ اس پر
موقن ہون مین اسکا رب داور

کی اوسنی جو شاہ دین کے تصدیق
خالق سی ملا خطاب صدیق

دیکھا ناگاہ مین نی یہ خواب
موجود ہی میری گھر مین مہتاب

ہی عکس فگن جو ماہ انور
روشن ہی تمام بام اور در

اس قصد پہ ای رسولؐ والا
خدمت مین حضور کی چلا تھا

حاجت نہین پوچھنے کی کچھ اب
بس ملگیا صاف نقد مطلب

مولا کا جو قصد تھا ادھر کو
روشن کیا حق نی میری گھر کو

خادم یہ جو بندہ پروری کے
اس مہر کی سب وہ روشنی تھے

دل میں آیا جو نور ایمان
نکلا سینے سے ماہ تابان

سنکر تصدیق یار ہمدم
آئی پھر گھر میں شاہ عالم

سنتی ہی شہ رسل کا فرمان
حاضر ہوئی جلد شاہ مردان

وہ قوت بازوی پیمبر
وہ مرشد خلق و دین کا رہبر

فرمایا نبی نے کاے برادر
حق نے مجھکو کیا پیمبر

لایا جبریل حق کا فرمان
نازل ہوا میرے دل پہ قرآن

کی عرض زبان سے جب شہادت
تازہ ہوئی بس بہار وحدت

ایمان کی جو آئی دل میں لذت
حاصل ہوا رتبۂ ولایت

مرشد کی جو بڑھ گئی عنایات
طی ہوگئی دم میں سب مقامات

طالع ہوئی دل میں صبح امید
سینے میں ہوا طلوع خورشید

تعلیم تھی شاہ دین سے پائی
حاصل تھی اسی سبب یہ صفائی

راوی نے لکھا ہے یوں بتحقیق
بس ایک ہی دن علی و صدیق

کامل ہوئی انسے ملت حق
پائی دین خدا نے رونق

بعد اسکے پھر ہوا مسلمان
وہ زیب وہ بہار قرآن

وہ نور محمدی سے جسکا[لہ]
پر نور ہے جسم و جان سراپا

وہ قانت و ساجد مجاہد
حق بین و خداپرست و زاہد

وہ زیب و سادۂ خلافت
وہ زینت مسند شریعت

قیصر ہے غلام جسکے گھر کا
خاقان بندہ ہے جسکے در کا

مشہور جہان ہے جسکی شوکت
کہتے ہیں جسے ولی نعمت

وہ مخزن فیض و کان ہمت
وہ گوہر قلزم سخاوت

پھر سعد و زبیر و عبد رحمن
لائے دین خدا پہ ایمان

پھر ہوگئی دین حق سے خوشنود
عثمان مظعون و ابن مسعود

پھر جابر و بو سعید و مقداد
ارقم کا پسر وہ زید بادا

بوسلمان اور بلال ذیشان
سب لائے خدا پہ دل سے ایمان

تھی بخت کی میری ارجمندی
چمکا یہ ستارہ بلندی

پاکر ایمان کو دلمیں اوسکے
حضرت نے لگا لیا گلے سے

دہیان آگیا ابھی یکا نبی کو
آتے ہی طلب کیا علی کو

آیا وہ رسول حق کا بھائی
وہ اختر برج اصطفائی

کرکے تسلیم اور تحیت
بیٹھا آکر قریب حضرت

خالق کی ہے سر بسر عنایت
اب مجھکو عطا ہوئی نبوت

سنتے ہی کلام شاہ والا
سینے میں علی کی جوش آیا

عرفان کا ہوا جو اوسے جلوا
دل ہلگیا اور جگر بہی کانپا

اوٹھی پردے جو درمیان کے
دل پار تھا ہفت آسمان کے

وان ختم نبی پہ تھی نبوت
یان ہوگئی خاتم الخلافت

بچپن سے نبی کی تھی جو صحبت
سینے میں بھرا تھا نور خلت

فیضان حبیب کبریا سے
نسبت حاصل تھی اک خدا سے

داخل ہوئے دین کبریا میں
پہونچی سر منزل ہدی میں

اسلام پھر انکے بعد لایا
حارث کا پسر تھا زید دانا

وہ جمع کن جریدۂ پاک
یعنی کہ حبیب شاہ لولاک

وہ فتح کن بلاد امصار
برہم زن خانمان کفار

شب تا بسحر بذکر مولا
آنکھوں سے روان تھا جسکے دریا

وہ برج حیا کا مہر انور
وہ یوسف ثانی پیمبر

فیاض جہان ہے جسکی سرکار
عالم ہے عطا سے جسکی سرشار

ہے جود و عطا کا جسکے شہرا
ہمت سے خجل ہے جسکے دریا

مداح شہ عرب ہے جسکا
عثمان غنی لقب ہے جسکا

پھر طلحہ و بو عبیدہ و ارقم
داخل ہوئے دین میں سب باہم

صدیق کی کہنے سے یہ دیندار
داخل ہوئے دین میں سب یکبار

سلمان و ابو سعید و بو ذر
بعد انکے خباب ابن منذر

دخت خطاب و بنت صدیق
اسما اور فاطمہ بتحقیق

[لہ] حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا نکاح یکے بعد دیگرے حضرت کی دو صاحبزادیوں سے ہوا اس لئے ذو النورین

لائین ایمان خدا پہ یک سر
سب کفر کی کام کرکی برباد
اسی خالق ہر بلند و پستی
اوس شخصکو دین کی دی سعادت
جو ان مین پسند تجکو آئی
شامل تہی دعا مین گو یہ دونو
ہو جسکو نصیب یہ سعادت
خالق جسی پیشوا بنائی
فارق ہو جو بین حق و باطل
جو ناصر دین کبریا ہو
صولت سی ہو جسکی کفر برباد
جو ہووی لئی رسی دین کی صحبت
مالک کی نظر کا ہو جو منظور
حق جسسی کری رواج اسلام
کیونکر نہ وہ دین کا ہووی موتمن
ہی اوسکی رضا کی یہ نشانی
خود آپ نبی کی پاس آکر
دوڑی یہ سنکی شاہ ابرار
دلمین آیا فروغ ایمان
پائی اسلام نی بلندی
ایسا چمکا یہ نیر دین
اسلام سی انکی شور اوٹہا
مژدہ جبریل پہر یہ لائی
رضوان خدا ہی ہر دو عالم
یہ لوگ ہوی تہی پہلی مومن

فضل اونکو عطا ہوا برابر
لائین اسلام با دلِ شاد
اسلام مین جو ہی تو چہرہ دستی
پائی اسلام جسسی قوت
منصب یہ بزرگ وہ ہی پائی
توفیق ملی مگر عمر کو
کیونکر نہ ملی اوسیکو دولت
کیونکر نہ وہ راہِ راست پائی
کیونکر نہ وہ دین مین ہووی داخل
حق اوس سی وہ خوش ہی کب جدا ہو
کیونکر نہ وہ خوش سی ہووی دلشاد
دی جسکو نبی کی حق خلافت
کیونکر نہ ہدی کا ہو وہ ماہور
ہون رای پہ جسکی دینکی سب کام
کیونکر نہ وہ دلسی ہووی مومن
مالک کی یہ سب ہی مہربانی
کی عرض کہ ای رسولِ اطہر
سینی سی لگا لیا بتکرار
سینہ ہوا برج مہرِ تابان
دین کو ہوئی تازہ ارجمندی
تا حشر رہیگی اسکی تمکین
گہبرا اٹھی تمام اہل مکہ
یعنی کہ ملائکہ ہین جتنی
پہونچی روحِ عمر پہ ہر دم
توحید و پیمبری پہ موقن

پہر حضرت ام فضل حق بین
پہر حق سی نبی نی یون دعا کی
رونق دی خدا ہی پاک دین کو
بوجہل ہو ولسی یا مسلمان
پہونچی جو دعا فلک پہ پیہم
اس رمز کو گو کوئی نجانی
جو روز ازل سی مقتدا ہو
عالم مین جو میر مومنین ہو
جو وحی خدا مین رای زن ہو
فرمائی جو فتح روم اور شام
جو پشت پناہ قصر دین ہو
توفیق نکیون وہ دینکی پائی
جو ہووی ازل سی خاص مولا
فرمائی جسی شہ رسالت
پر سب یہ عنایت خدا ہی
القصہ وہ مست بادہ ذوق
لایا ہین خدا پہ دل سی ایمان
اور دیکی فشار جبرئیلی
کی اوسنی ادا شہادتِ حق
ہونی لگا اب رواج اسلام
پہر تو ہونی لگی باعلان
شوکت ہوئی دینکو اب عمر سی
اسلام عمر سی ہو گئی آگاہ
ہین جتنی صحابہ پیمبر
اسلام مین جمع اولین ہین

عباس کی زوجہ خوش آئین
رو رو کی خدا سی التجا کی
قوت ہو گر وہ مسلمین کو
یا ہووی عطا عمر کو ایمان
کی رب نی قبول ایک اوسدم
تقدیر کی ہین یہ کارخانی
کیونکر نہ وہ طالبِ ہدی ہو
کیونکر نہ وہ طالبِ یقین ہو
کیونکر نہ وہ خاص ذو المنن ہو
کیونکر نہوا اوس سی عزِ اسلام
کیونکر نہ وہ میرِ مسلمین ہو
اسلام نہ دلسی کیون وہ لائی
کیونکر نہ وہ ہو خدا پہ شیدا
ہی اسمین لیاقتِ نبوت
دی دی وہ کریم سی جسکو چاہی
سرشار الست و شوق در شوق
شاہد رہنا کہ ہون مسلمان
لذت عرفا کی دلمین بہر دی
بس آگئی امرِ دین مین رونق
بڑہنی لگی دین حق کی سب کام
تکبیر و نماز و یادِ رحمان
کانپی کفار اوسکی ڈر سی
باہم کہتی ہین بارک اللہ
راضی اونسی ہی ربِ داور
یہ دینِ خدا مین سابقین ہین

مشہور ہوا انہیں سے ایمان
یہ لوگ ہین اولین مسلمان

یہ حامی دین کبریا ہین
خاصان خدا ہین رہنما ہین

جو کام ہوئے ہین دین مین انسے
وہ کام ملک سے ہون نہ جن سے

پاکر انہین کمال ایمان
قرآن مین خدا ہوا ثنا خوان

اسلام مین سابقین ہین سب سے
حق راضی ہے انسے اور یہ رب سے

یہ راہ ہدی کی پیشوا ہین
یہ لوگ نجوم اہتدا ہین

یہ لوگ ہین مقتدای امت
ہے انکی ولا کلید جنت

پوچھو نہین کیا ملا ہے انسے
بس ہمکو خدا ملا ہے انسے

تفسیر و حدیث و علم قرآن
سب انسے ملا بعزت و شان

تازہ انسے بہار ملت
یہ لوگ ہین دین حق کی حجت

یارب مجھے حب مصطفی دے
آل و اصحاب کی ولا دے

ہو جسکو رسول حق سے نسبت
دے اوسکی خدا مجھے محبت

تا زیست ہو مومنین با دل و جان
اس مجمع پاک کا ثنا خوان

کر ختم مسیح داستان کو
روک اشہب خامہ کی عنان کو

خاتمہ

پہونچا ہے جو ختم کو یہ نامہ
ہے شکر خدا مین گرم خامہ

تحریر سے پا چکا فراغت
اب کرتا ہے سجدۂ تحیت

لکھا ہے جو ذکر مصطفے کا
ہر سمت ہے شور مرحبا کا

ہمپر ہے یہ سب نبی کا فیضان
اور خامۂ یثربی کا احسان

کیا خوب لکھی ہے مثنوی واہ
اے خامۂ پاک یثربی واہ

احسان ترا ہے مجھپہ سب ہان
تو نے مجھکو کیا سخندان

حاصل ہوئی تجھسے یہ فصاحت
پائی تیرے سبب سے شہرت

نامہ جو ہوا جواہر آگین
ہے تیری ہی برکات کی یہ تزئین

اعجاز قلم ہوا ہین تجھسے
یاقوت رقم ہوا ہین تجھسے

رونق یہ بیان کی تجھسے پائی
تو نے مری آبرو بڑہائی

یارب بہر رسول والا
شاہ یثرب خدیو بطحا

بہر صدیق و بہر حیدر
اور بہر صحابۂ پیمبر

صدقے سے عمر کی بہر عثمان
بہر حسنین پاک و ذی شان

بہر ازواج و آل اطہار
اور بہر مہاجرین و انصار

دے راہ سواد یثربی مین
پہونچا دے مدینۂ نبی مین

وہ روضۂ با صفا دکھا دے
اس نظم کا بس یہی صلا دے

دے اپنی رسول کی محبت
رکھ سالک مسلک شریعت

بازار جو گرم حشر کا ہو
حشر اوسکے لوا تلے مرا ہو

تمام شد

[illegible]

بہار جنت

ذکر ہی اسمین شفاعت کا تمام
ہی بہار جنت اس دفتر کا نام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیحد اوس خدا کو ہی سزا
جسنی برپا کر دئی ارض و سما

جسنی دی افلاک کو یہ برتری
خاک مین جسنی یہ کی صورتگری

جسنی مشت خاک کو گویا کیا
مخزن اسرار سر تا پا کیا

جسنی آدم کو بنایا خاک سی
اور کیا ممتاز روح پاک سی

عزت و توقیر کا اوسکے بیان
ہی نفخت فیہ روحی سی عیان

علم اسما کا بتا کر یک بیک
کر دیا پہر اوسکو مسجود ملک

دہی دیا قبضے مین اوسکی بحر و بر
کی عطا اپنی خلافت سر بسر

خازن نقد امانت کر دیا
نور احمد کا اوسی حامل کیا

یہ امانت یہ خلافت یہ عطا
وسنی پائی سب طفیل مصطفے

کیا فلک کیا عرش کیا جن و ملک
ہین طفیل نور احمد آج تک

نعت خواجہ عالم صلے اللہ علیہ وسلم

سید الکونین و ختم المرسلین
قبلۂ دین رحمت للعالمین

مظہر ذات قدیم کبریا
مطلع دیوان اسرار خدا

قلزم وحدت کا موج اولین
کنز مخفی کا ظہور آخرین

مختار ایجاد لفظ کاف و نون
رمز نحن السابقون الآخرون

ذات پاک حق کا وہ ظل ظلیل
بیمثال و بی نظیر و بیعدیل

علت غائی ایجاد جہان
باعث خلق زمین و آسمان

گر نہوتا وہ رسول محترم
بی نشان تہا جہان آدم عدم

گر نہوتا وہ رسول کائنات
غیر ممکن تہا وجود ممکنات

گر نہوتا وہ خدیو انس و جان
یہ زمین و آسمان ہوتا کہان

خاک کی پتلے مین تہی قوت یہ کب
جو اوٹہا تا اسطرح اسرار رب

تہی امانت تو یہ وہ بار گران
جس سی بہاگی کوہ و ارض و آسمان

بو البشر نے جو لیا اوسکو اوٹہا
تہا یہ فیض نور سلطان ہدی

اوس امانت کا وہی مختار تہا
اور آدم تو امانت دار تہا

نور حضرت تو ازل سی ای فتا
اصل ہی سب خلق موجودات کا

ہی وہ ارواح رسل کا باتمام
روز اول سی مربّی و امام

وہ نبی تہا جب تہی دنیا و دین
اور آدم تہی میان ماء و طین

تہا وہ رب سی اپنی جب ہم کلام
تب نہ تہا طور او کلیم اللہ کا نام

بحر عالم کا تہا جب وہ ناخدا
تب نہ تہا کچہ نوح و کشتی کا پتا

تہا وہ جب سی شاہ محمل نشین
جب نہ صالح تہا نہ ناقہ تہا کہین

تها وه حاکم آب خاک باد کا / هو وه تها جب اور نه قصه عاد کا

معجزه جو عیسی مریم مین تها / اوسکی فرد فرده گوئی مین ملا

گر بلاتا لب پہ وه نام فصیح / یه دم جان بخش کب پاتا مسیح

هی طفیل اوسکی یه عالم تمام / اوسپه هوتین سو درود اور سلام

تهی خدائی اوسکی سب زیر نگین / جب سلیمان تها نه بلقیس حسین

اوسکی آمد کی نه کهتا گر خبر / کب لب عیسی کو ملتا یه اثر

مرکز عالم هی ذات احمدی / مظهر ذات و صفات ایزدی

جتنے هین ازواج و اصحاب رسول / کرکے آل پاک کا دل شمول

اونسی راضی هو خدای دادگر / اور وه راضی هون حق سی سربسر

جذبات شوق روز افزا و تمهید مراتب حب و ولا

هی کهان هی ساقی رنگین ادا / پهر چلے اب دور جام باصفا

سبزهٔ نوخیز سی هی جابجا / باغ مین فرش زمرد گون بچها

نرگس مخمور هی مست خواب / هاته مین لالے کی هی جام شراب

سرو سی صحن چمن آباد هے / فاخته گرم مبارکباد هے

بوی گل سی گلستان مین جابجا / جهومتی پهرتی هی مستانه صبا

خندهٔ گل دیکهکر اب ساقیا / یاد آتا هے تبسم یار کا

ساقیا لی اپنی رندونکی خبر / جلد آ یه وقت جائیگا گذر

خم سی بهتی هی مئی راحت فزا / هی در میخانه مستون پر کهلا

بس لگادی منه سی جام زرنگار / چهوٹ جای جس سی قید ننگ و عار

بادهٔ صاف و شراب سلسبیل [1] / جسمین هی ساقی مزاج زنجبیل

کیف سی جسکی مرا دل چور هو / زخم دل کا پهر هرا انگور هو

مثل بلبل کی مین ذکر گل کرون / یاد ابرو و رخ و کاکل کرون

یان تصور یار کا جاتا نهین / غیر ذکر دوست کچه بهاتا نهین

آگیا هی مجکو اوس گل کا خیال / جس سی بی ڈهب هوگیا هی جسکا حال

آگیا کیا بیٹهی بیٹهی دل مین وجد / قیس کو یاد آگیا پهر دشت نجد

هی تصور اوسکی صورت کا بندها / ذکر هی جسکا مری دل کی دوا

نغمه پردازم بیاد روی او / بازگویم از رخ و گیسوی او

بازگویم منزل و ماوای او / سر نهم هر دم بنقش پای او

آنکه ذکر او بود درمان ما / آنکه باشد پاکتر از جان ما

شاه عصمت سرای کبریا / تاجدار بارگاه اصطفا

موسم گل آگیا هو لا حسین / بلبل شوریده سر هی نعره زن

سائبان هی باغ کا چتر سحاب / هر طرف خط شعاعی کی طناب

هی جهان مین هر طرف جوش بهار / صحن جنت هو رها هی مرغزار

کر رهی هین شوق سی مرغ چمن / ذکر نسرین و حدیث نسترن

دیکهکر ربط گل و بلبل بهم / عاشقونکی دل مین تف درد و غم

عاشقونکو اب تو جینا شاق هی / پهر گریبان هاته کا مشتاق هی

هی ابهی برج حمل مین آفتاب / شاهد گل کا هی یه عهد شباب

باده در جوش ست رندان منتظر / ساقیا خذ ما صفا دع ما کدر

وه مئی شادی فزا و غم زدا / راح روح افزا طهور باصفا

چشمهٔ تسنیم کا جام انکو هو / وه رحیق [2] باصفا و مشکبو

تشنهٔ عرفان سی مین هو جاون مست / یاد آجای مجهی عهد الست

دل هی اب مادهٔ شور و فغان / ساقی پیمان شکن تو هی کهان

پهر گریبان گیر هی سودای دوست / یاد آئی زلف عنبرسای دوست

هوگیا دل مین تمنا کو غلو / آگئی کنعان مین پیراهن کی بو

عاشق آواره اب کهوتا هی حجی / منزل سلمی [3] کی پهر یاد آگئی

آنکه باشد کعبهٔ مقصود ما / آنکه باشد باعث بهبود ما

بازگویم از حکایتهای نجد / عاشقان خسته را آرام وجد

بازگویم از نشان آن حبیب / آنکه باشد دردمندان را طبیب

آنکه ذکرش مایهٔ صد بندگیست / تا نگویم نام او شرمندگیست

ذات پاکش سایهٔ رب جلیل / دوحهٔ شاداب گلزار خلیل

[1] اقتباس ہے اس آیهٔ کریمه سے قال الله تعالیٰ ویسقون فیها کاسا کان مزاجها زنجبیلا عینا فیها تسمی سلسبیلا ۱۲

[2] مصداق اس آیه کا یسقون من رحیق مختوم ختامه مسک ۱۲

[3] بضعة منی ۱۲

آفتاب ہاشمی مہر ہدے
وجد می آید بیاد روے تو
توبہ کن زین گفتگو ای بی ادب
نور عالم کچہ نظر آیا ترا
جذب دل کا کیا بیان ہو ماجرا
دلکی وحشت سی زبان مجبور ہی
شوق و بیتابی کا وہ سبب تہا خطاب
دی کلیم اللہ کو حق نے ندا
ہر کسی را سیرتی بنہادہ ایم
ما برون را ننگریم و قال را
ہو سیا آداب دانان دیگر اند
ہی محبت اور ولا اصل مراد
اور ولا مین بہی ولای مصطفے
اصل ایمان ہی ولا پر منحصر
حب خالق ہی ولای مصطفے
گویہ بندہ ہی وہ رب کارساز
سایہ عین شخص کچہ ہوتا نہین
پہر نہو کیون فرض حب شاہ دین

نیر برج شرف بدر الدجے
نجد ما باشد سواد کوے تو
بعد ازین ای بو الہوس مکشای لب
وجد مین آکر یہ کیا بکنے لگا
اختیار اپنا نہین کچہ ناصحا
عاشق آشفتہ سر معذور ہی
جسپہ موسی نی کیا قہر و عتاب
بندۂ ما را ز ما کردے جدا
ہر کسی را اصطلاحی دادہ ایم
ما درون را بنگریم و حال را
سوختہ جان و روانان دیگر اند
اور باقی ہی جہان مین خاک و باد
جان و ایمان سب فدای مصطفے
ہی محبت بیخ ایمان غور کر
ہی احد سی کچہ نہین احمد جدا
پر عجب دونو مین ہی راز نہان
پر بدون ذات ظل دیکہا نہین

حبذا ای قبلۂ ایمان ما
ای مسیح ہرزہ گو بس کن سخن
وجد مین کیا نجد کی ہی آئی یاد
چہٹ گئی بی ساختہ راہ ادب
ہی کشش دلکی وہ آفت و بلا
کیا نہین تونی سُنا وہ ماجرا
چپ ہوا آخر وہ با سوز و گداز
تو برای وصل کردن آمدی
ناظر قلبیم اگر خاشع بود
آتشی از عشق در جان برفروز
اصل مطلب ہی یہی اہل ذکا
ذوق جس دلمین نہو وہ مردہ ہے
گر نہین حب پیمبر ای اخی
اتباع و حب احمد کو خدا
فرق احمد اور احد مین کیا رہا
وہ خدای پاک یہ ظل خدا
لازم و ملزوم کہنا چاہیی

ای خدای نام پاکت جان ما
پای بیرون از گلیم خود مکن
نجد ہی تیرا مدینی کا سواد
زور دکہلایا محبت نی غضب
کب یہ رک سکتا ہی دو گی سی بہلا
جو شبان تہا اپنی رب سی کہہ رہا
اور کیا موقوف سب راز و نیاز
نی برای فصل کردن آمدی
گرچہ گفت و لفظ نا خاضع بود
سر بسر حرف و عبارت را بسوز
دل کا ناظر ہی خدای کبریا
ہو گیا جو دل ہی وہ افسردہ ہے
پہر خدا سی کیا محبت ہو ویگی
اپنی جانب سب سے نسبت دی بہلا
اک فقط میم محبت ہی بڑہا
ذات سی سایہ نہین ہوتا جدا
سوچ کر بس چپ ہی رہنا چاہیے
سب جہان پر ای گروہ مسلمین

دربیان قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لا یومن احدکم حتی اکون احب الیہ من نفسہ ومالہ وولدہ ووالدہ والناس اجمعین و دربیان قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ویتفاوت الناس فی الایمان علی قدر تفاوتہم فی محبتی و یتفاوتون فی الکفر علی قدر تفاوتہم فی بغضے الا لا ایمان لمن لا محبت لہ الا لا ایمان لمن لا محبت لہ الا لا ایمان لمن لا محبت لہ

یون بیان کرتا ہی مالک کا بشیر
یعنی فرمایا رسول پاک نے
اور الفت بہی ہو اس درجہ اوسے
اور یہ ہی ارشاد سلطان ہدے

قبلۂ دین سید لولاک نے
سمجھی اپنی نفس سی بہتر مجہی
خاص ایمان مین تفاوت ہی بڑا

کوئی مومن ہو نہین سکتا کبہی
پس خدا کرتا ہو مجہپر سر بسر
جسکو جتنی مجہسی ہے حب و ولا

خادم درگاہ شاہ بحر و بر
ہو نہ جبتک لمین اوسکی حب مری
مال اور فرزند اور مادر پدر
اوسکو اوتنا حصہ ایمان ملا

عہ حضرت انس رضی اللہ عنہ

اور عداوت ہے جسکو حقنبی ہو مُرے
لکہتا ہی یون آ وی عالی وقار
ذکر حضرت مین بس از ذکر خدا
ہان نچہوڑی یہ ولا تا زندگی
تم نہین تہی پر وہ شاہ بحر و بر
لوگ تو سب رو رو سب سویا کیے
اوس سی باقی تہی بس جنت کی راہ
مانگتی ہو جو دعا بہر رسولؐ
گر نہ کہتا وہ شفاعت مین قدم
لکہتا ہی یون راوی رنگین کلام
اشک چشم پاک سی بہتی رہی
پیش خالق جو کیا عرض و دعا

کا فراو تنا ہی وہ ہووےگا شقے
اسکو فرمایا نبیؐ نی تین بار
اشتغال قلب واجب ہوگیا
حب احمدؐ تو بڑی کام آئیگی
تہا تمہاری فکر مین آٹہون پہر
آپ امت کی لیی رویا کیے
اوسنی ہوی ہر فتنی سی تمکو پناہ
اوسکو کر لیتا ہی جلدی ہی قبول
آتش دوزخ سی پہر بچتی نہ ہم
جب ہوی پیدا شہنشاہ انام
رب ہب لی امتی کہتی رہی
مدعا سب اپنی امت ہی کا تہا

پہر لگی کہنی یہ شاہنشاہ دین
سن چکی تم ای گروہ مخلصین
گر نہ رویا سُنکے نام مصطفے
جانتی ہو وہ رسول انس و جان
تہا غم امت یہ اوس غمخوار پر
تہا حریص امت کا اپنی وہ کریم
اوسکی صدقی سی خدای ممکنات
ہر بلا سی تمکو دیتا ہی امان
مہربانی کا ہو کیا اوسکی بیان
سجدۂ حق مین جہکایا اپنا سر
جب شب اسرا سوی عرش برین
الغرض اوس مقتدا کی روز و شب

ہان نہین ایمان محبت گر نہین
معنی الفت بقول شاہ دین
وہ بہلا مومن کہو کیونکر ہوا
تمپہ کتنا ہی شفیق و مہربان
پیٹ بہر کہایا نہ سویا رات بہر
اسلیے کہتا ہی حق اوسکو رحیم
تمکو ہر آفت سی دیتا ہی نجات
اوسکی خاطر سی ہی تمپر مہربان
تہا ازل سی عذر خواہ عاصیان
اور جبین پاک رکہی خاک پر
لیگیا تشریف وہ سلطان دین
التجا تہی بہر امت پیش رب

دعا مانگنا حضرت ابراہیم اور حضرت عیسی علی نبینا وعلیہما الصلوۃ والسلام کا اور سفارش اپنی امت کی بموجب مضمون آیات قرآن مجید اور رونا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بعد پڑہنی اون آیات کی اپنی امت کیواسطی اور نزول جبرئیل اور وعدہ خدای پاک کا امت مرحومہ کی باب مین آنحضرت صلعم سے

ہی جو عبد اللہ بیٹا عمر کا
ذکر ابراہیم و عیسی مین خدا
عرض کی عیسی نی پیش کریم
چاہتی ہین حق سی لوائین نجات
امتی و امتی کہنی لگے
حکم یون جبریل کو اوسدم ہوا
عالم سر و علن ہی رب ترا
آئی جبریل اور کہا ای محترم
دیکہکر رحمت خدا کی شاہ دین
بخش دینا انکو رب ذوالکرم

یون روایت کرتا ہی وہ باصفا
کہتا ہی یون مانگی دونو نی دعا
ان تعذبہم سی لیکر تا حکیم
اور بخشی اونکو رب کائنات
اشک پیہم انکہہ سی بہنی لگے
ہی حبیب اسوقت میرا رو رہا
پر یہ رحمت سی ہی تجہسی پوچہتا
ای شفیع خلق و غمخوار امم
یون لگی کہنی کہ ای روح الامین
بس انہین کا روز و شب ہی مجکو غم

اکدن بیٹہی تہی سلطان ہدے
اپنی امت کی سفارش مین خلیل
یعنی یہ دونو نبی محترم
پڑہ چکی ان آیتونکو جب نبیؐ
دیکہکر محزون شہ دیباچہ کو
جلد جا تو جلد ای روح الامین
تجہکو کس غم نی رولایا ای رسول
رب ترا رحمت سی یون تجہسی ہی پوچہتا
عرض کرنا حق سی ای نبی والا کبریا
پہر گئی یہ سنکی جبریل امین

دفعۃً کچہ آپ نی قرآن پڑہا
کہتی تہی تو بخش انکو ای جلیل
اپنی امت کو بصد لطف و کرم
اپنی امت آپ کو یاد آگئی
جوش رحمت آگیا اللہ کو
پاس اوسکی اور یہ کہنا کا ہی غمین
کہ زبان سی اوسکو مجکو ہی قبول
کیون ہوا گریان بتا تو مدعا
مغفرت امت کی مین ہون چاہتا
عرض کی یون پیش رب العالمین

ای اله العالمین ای بی مثال
تجهسی رو کر ای خدای کائنات
دیکی تسکین اوس سے کهنا کای رسول
اسمین کیون محزون هی تم ای محترم
تیری امت کی لیی تیرا خدا
هان نهو غمگین نکر اتنی بکا
مین تو یون راضی بهلا هونگا کب
حبذا ای خواجه روشن ضمیر
بارگاه حق مین بس تیری سوا
تجهسی محرم هو تی امت یه سب
همنے پایا تجهسی فرقان شریف
هر جگه تیرا اکرم درکار ہے
مخبر صادق کا قول با صفا
کونسی هی وه دعای مصطفے
جسنی لیکر نام شاه دوسرا
نقد مطلب سی وهین دامن بهرا
عشق رکهو اوس حبیب پاک کا
دل مین گر حب هی رسول الله کی
اب سنو یه طرفه رمز معنوے
از انس فرزند مالک آمدست
چرکن و آلوده گفت ای خادمه
جمله مهمانان در و حیران شدند
قوم گفتند ای صحابی عزیز
ای دل ترسنده از نار و عذاب
عاشقان قبله کونین مکان

بردبار عفو کار ذو الجلال
چاهتا هی اپنی امت کی نجات
کیون غم امت سی هوتا هی ملول
جلد تر راضی کرینگی تجکو هم
وعده کرتا هی بصد لطف و عطا
جسمین تو راضی هی راضی رب ترا
جبتلک عین رحمت و غفران سی رب
ای رحیم و چاره ساز و دستگیر
هم غریبونکو هی کسکا آسرا
تو کفیل انکا هی دائم پیش رب
همکو بی مانگی ملا دین حنیف
هان جو تو چاهی تو بیڑا پار ہے
مرهم ناسور دل هی ای فتا
جو نهین مقبول هو پیش خدا
کی خدا سی اپنی رو کر التجا
ملگیا سب اوسکی دل کا مدعا
قبر و محشر مین یهی کام آویگا
نار تمپر گلستان هو جاویگی
لکهتا هون اشعار پاک مثنوے
که بمهمانی او شخصی شد ست
اندر افگن در تنورش یک دمه
انتظار دود کاندر وی بدند
چون نسوزید و منقی گشت نیز
با چنان دست و لبی کن احتراب
سن چکی تم قصه دستارخوان

غم سی امت کی رسول دوسرا
فرط رحمت سی هوا حکم خدا
باب امت مین نکر رنج و بکا
آئی جبریل اور یه حضرت سی کها
باب امت مین نهو اتنا ملول
هی روایت مین یه راوی نی لکها
میری امت کا وه رب العالمین
حبذا ای عذر خواه عاصیان
اس جهان مین جو همین عزت ملی
همکو کیا کیا نعمتین خالق نی دین
فضل و رحمت سی هکو هم کامیاب
مژده باد ای امت خیر الانام
اسکو کهنا چاهیی دل مین یقین
اس وسیلی سی همیشه پیش رب
بس یه تهی رحمت خدای پاک کی
رحمت حق گر تمهین درکار هو
وان جو بچنا چاهتی هو نار سے
معجزه اک تازه کرتا هون بیان
یعنی فرماتا هی مولانای روم
او حکایت کرد کز بعد طعام
در زمان دستارخوان را هوشمند
بعد یکساعت برآورد از تنور
گفت ازانکه مصطفے دست و دهان
چون جمادی را چنان تشریف داد
تمنی دیکها آپ کی توقیر کو

کر رها هی آج زاری و بکا
ای امین محبوب کی پهر پاس جا
هم تجهی دلگیر دیکهین گے بهلا
مژده مژده ای محمد مصطفے
هی رضا تیری مقدم ای رسول
بس یه فرمانی لگی شاه هدا
مجکو بخشیگا نه ایک ایک ای امین
حبذا ای کارساز بیکسان
سب یه هی توقیر تیری نام کی
مشکلین سب تجهسی آسان هو گئین
اور ملا خیر الامم همکو خطاب
اب شفاعت مین ہے کیا باقی کلام
بخش دیگا همکو رب العالمین
ساری عالم کی بنین گی کام سب
او روجاهت سید لولاک کی
بس محبت آپ سی پیدا کرو
تو لگی رکهنا شه ابرار سے
جس سی بڑه جائی امید عاصیان
ده محیط فضل و دریای علوم
دید انس دستارخوان از زخام
در تنوری پر ز آتش در فگند
پاک و براق و سفید از چرک دور
پس بمالید اندرین دستارخوان
جان عاشق را چها خواهد گشاد
اوس دهان و دست کی تاثیر کو

اب کہو جب دل مین ہو حب نبی ۔ آپ سی ہو جسکی ہر دم لو لگی
اوسکا پہر کیا حال ہوگا روز دین ۔ اوسکو بخشیگا نہ رب العالمین

کیا نہو گا مہربان اوسپر کریم ۔ کیا جلائیگی اوسی نار جحیم
مہربان ہوتا نہ تمپر گر خدا ۔ ایسی رحمت خلق پر کیون بہیجتا

کیون اوسی دیتا یہ فضل و اقتدار ۔ کیون شفاعت کا یہ ملتا اختیار
ہی خدا کا خود یہ ارشاد متین ۔ تجہکو بہیجا رحمۃ للعالمین

فضل حضرت سی کسیکو کیا خبر ۔ خود وہ جانی یا خدائی دادگر

ترجمہ اوس حدیث کا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی اپنی فضائل مین ارشاد کی بروایت عمرو ابن قیس رضی اللہ تعالی عنہ

عمرو ابن قیس یار مصطفی ۔ ہی سناتا اک حدیث باصفا
یعنی کہتی تہی خداوند غیور ۔ گو ہمارا سب سی آخر ہی ظہور

پر قیامت کو خدا کی سامنی ۔ مرتبی مین سب سی سابق ہوونگی
اور کہتا ہون مین اک قول متین ۔ لیکن اوسپر فخر مین کرتا نہین

یعنی ابراہیم اپنا ہی خلیل ۔ جسکو کہتا ہی خدا اپنا خلیل
اور موسی ہی صفی و مجتبی ۔ برگزیدہ اوسکو خالق نی کیا

فضل یہ سب اونکو بیشک ہی ملا ۔ ہان مگر مین ہون حبیب اللہ کا
حمد کا ہوگا لوا یوم قیام ۔ ساتہ میری باہزاران احتشام

مجہسی میری رب نی با فضل و عطا ۔ بخشش امت کا ہی وعدہ کیا
دی امان ہر فتنی سی انکو مدام ۔ انپہ ڈالیگا نہ ہرگز قحط عام

اور عدوی دین قوی انپر نہو ۔ محو کر ڈالی جو انکی دین کو
حفظ مین انکی رہیگا فضل رب ۔ متفق ہونگی ضلالت پر نہ سب

شکر ہی شکر ای خدای کردگار ۔ تجہپر اور تیری پیمبر پر نثار
نار دوزخ سی ہمین کیا باک و بیم ۔ ہی نبی تیرا رحیم اور تو رحیم

اب رقم کرتا ہون اصل داستان ۔ فضل حضرت اور شفاعت کا بیان
جس سی امت کی قوی امید ہو ۔ عاصیونکو فرحۂ جاوید ہو

پہر مین فضل قبلۂ عالم لکہون ۔ عاشقونکی دلکی پرزی پہر کرون
لکہکی ذکر سید کون و مکان ۔ جیب و دامن کی اڑا دون دہجیان

کیون نہو ایسا کہ ہی وجد و سرور ۔ خاص ہمپر ہی عنایات حضور
ہی یہ ارشاد شہ عالم پناہ ۔ رحمۃ للعالمین ظل الہ

ہان شفاعت سی ہمین ہی بہرہ ور ۔ حشر مین اہل کبائر سربسر
ہی یہ مقصود خدیو انس و جان ۔ ہون مین سب امت پہ اپنی مہربان

مین شفیع خلق ہون روز قیام ۔ ہوگی امت پر شفاعت میری عام
پر احق ہووینگی ہم سب سی سوا ۔ جو کبائر مین ہوی ہین مبتلا

حبذا ای دستگیر عاصیان ۔ حبذا ای چارۂ بیچارگان
کس زبان سی شکر تیرا ہو ادا ۔ بیکسونکا کون ہی تیری سوا

عاصیون نے جب سی یہ مژدہ سنا ۔ کچہ نپوچہو انکی دل کا ماجرا
دیکہکر یہ رحمت و انعام رب ۔ نیک تکتی ہین بدونکی منہ کو اب

دل ہلا جاتا ہی اور جی شاد ہی ۔ ہر طرف شور مبارکباد ہی

آغاز حدیث شفاعت اور ذکر محشر اور ہجوم خلائق اور پریشانی اور عذاب کا اور بیان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا اور شفاعت اور مراتب کا بروایت انس بن مالک رضی اللہ عنہ مشکوۃ شریف کی جلد رابع سے

ہی انس مالک کا جو دانا پسر ۔ یون وہ کرتا ہی روایت معتبر
متفق اسپر ہین سب اہل کمال ۔ بو ہریرہ سی بہی لکہا ہی یہ حال

یعنی فرمایا رسول پاک نے ۔ سید عالم شہ لولاک نے
ہون مین سردار جہان یوم قیام ۔ سید اولاد آدم بالتمام

حشر کی دن جبکہ با صد اضطرار ۔ سب کہڑی ہوونگی حیران و نزار
دیکہکر انوار درگاہ خدا ۔ وہ جلال و قہرمان کبریا

ہوگا سب خلق خدا کو اضطراب
ہو کی بیطاقت کہینگے لوگ سب
جب نہ ٹھہر یگا کوئی بادر دو بار
حق نے بخشی ہے تجھے وہ برتری
پاس تیرے آئی ہین گہبرا کی سب
تم نہین کیا جانتے میری خطا
ہے اگر پہر شفاعت اہتمام
نوح سے اگر کرینگے التجا
روز طوفان تہا خدا کا جب عتاب
کی جو گستاخی حضور کردگار
عرض حال اوس سے کرو تم سبکی سب
ای نبی محترم اے مقتدا
تین بار تو مین ہنگام خطاب
توڑنا تہا جو بتونکا مدعا
تہا مرا اوس دن یہ کذب اولین
اور ہوے سب لوگ بتخانہ سے دور
آئی پہر کر جب وہ قوم بی ادب
مین نے استہزا اُٹہی وسے یون کہا
اس دروغ مصلحت آمیز سے
جب ہوا نمرود کا قصہ تمام
مصر مین پہونچا تو وانکا پادشاہ
مختصر کرتا ہون مین یہ ماجرا
اس بہانے سے مجہے مہلت ملی
یعنی دینی تہی اخوت وان مرا د
لیک موسے ہی نجی اللہ کا
اور قریب نیزہ ہوگا آفتاب
اب کوئی کرتا سفارش پیش رب
آئینگی تب حضرت آدم کی پاس
ہاتہ سے سب اپنی کی صورتگرے
تو شفاعت کر ہماری پیش رب
مین نے جو مولا کی ساتہ اپنی کیا
نوح البتہ یہ کر سکتا ہے کام
تب کہیگا وہ بصد درد و بکا
اک جہان ڈوبا بانواع عذاب
کانپتا ہون آج باصد اضطرار
بس کریگا وہ سفارش پیش رب
تو شفاعت آج کر پیش خدا
جہوٹہ کہ بیٹہا ہون باصد اضطراب
ساتہ سے اون سبکی مین نے کی اباء
آج مین اوس جہوٹ سے ہون شرمگین
بس کیا مین نے بتونکو چور چور
آلہ خوار و شکستہ پائی سب
اس بڑی بت سے ہوئی ہے یہ خطا
شرم آتی ہے خدا کی سامنے
مین نے کی بابل سے ہجرت سوی شام
تہا بڑا بد کار ظالم روسیاہ
مجہسے جب سارا کو وہ لینی لگا
اور سارا کو رہائی اوس نے دی
اور ٹہا یا مین نے ظالم کا فساد
جاؤ گر وان تم تو وہ بخشائیگا
سختی و خوف و غم و رنج و بلا
دیکہتے ہو تم کسیکا یہ مقام
اور کہینگے ای ابو الناس ای پدر
اور جنت سا مکان تجہکو ملا
دینگی تب اون سبکو آدم یہ جواب
جس سے مانع تہا خداوند کریم
ہے خدا کا وہ نبے محترم
کب ہے یان مجکو شفاعتکی مجال
غرق جب بیٹا مرا ہونے لگا
ہان براہیم اسکی رکہتا ہے مجال
آئینگے گہبرا کی سب پیش خلیل
یون کہیگا وہ نبے باوقار
ایک تو یہ جب بسوی عیدگاہ
سقم و بیماریکی کرکی معذرت
دوسرا اب اور سنیئی ماجرا
توڑ ڈالے مین نے مصنوعی خدا
مجہسے پوچہا سب نے باقہر و عتاب
تہا بہم شاید کہ انکی کچہ خلاف
تیسری اب اور سنیئی داستان
اوس سفر مین میرے سارا ساتہ تہی
جسنم عقل و دین وہ بس رکہتا تہا کور
خوف سے مین نے کہا ای پرفتن
مین نے منکوحہ کو جو خواہر کہا
پر خدا سے اپنی شرماتا ہون اب
طور پر باتین خدا نے اوس سے کین
ہوگا لیکن کب آنحضرتکا سامنا
جو حضور رب کرے اوسدم کلام
ای عزیزو نکی بس اب تو ہی خبر
سب فرشتون نے تجہے سجدہ کیا
ہے کہان مجکو طاقت اور تاب
کہا لیا مین نے اوسی ہیباک گندم
اور وہ ہے مقبول رب ذو الکرم
اپنی گستاخی کا آتا ہے خیال
مین نے مانگی رب سے بے سمجہے دعا
ہے خلیل اللہ کا وہ باکمال
اور کہینگے ای براہیم جلیل
جا نہین سکتا ہون پیش کردگار
قوم نے پہر تماشا کی تہی راہ
رہگیا گہر مین بعین مصلحت
جب مین وان بیمار بنکی رہگیا
اور بڑے بت پر تبر کو رکہدیا
ان خداؤنکو کیا تو نے خراب
پوچہو اس بت سے کہیگا صاف صاف
مختصر کرتا ہون اسکو بہی بیان
لوط نے ہجرت میری ہمراہ کی
عورتونکو چہین لیتا تہا بزور
مین برادر ہون یہ ہے میری بہن
تہا محل اوسمین بہی اک تاویل کا
ہی شفاعتکی لیاقت مجہ مین کب
اور عطا کی اوسکو توریت مبین

برگزیدہ ہی خدای پاک کا
اپنی مولا کا ہی وہ رمز آشنا

مجھسی بھی سرزد ہوا ہے اک گناہ
یعنی قبطی کو ہی مارا مینی آہ

خالق عالم نی بالطف و عطا
کن کی کہنی ہی سی اوسی پیدا کیا

جاؤ اوسکی پاس با آہ و فغان
یہ مصیبت سب کرو اوس سے بیان

کیا مین جاؤن پیش رب العالمین
مجکو تو اسکی لیاقت ہی نہین

قرب و عزت کا ہوا اوسکی بیان
ہی حبیب خالق کون و مکان

اسکو یون کہتا ہی رب کبریا
ہمنی بخشی تیری سب جرم و خطا

بندۂ مقبول خلاق جہان
ہادی امت شفیع عاصیان

عاشقان روی سلطان انام
وعدہ کا ہی بس تمہاری یہ مقام

حمد کا ہوگا لوا اوسدن بپا
کیا بیان ہو اوسکی تابش کا بھلا

اوسکی پرچم کی چمک اور وہ ضیا
ٹھنڈی ٹھنڈی اوسکی دامن کی ہوا

چھوڑکر گلزار جنت کی فضا
آئی یان رضوان پی کسب ہوا

اوسکی نیچی با ہزاران احتشام
جلوہ افزا ہو وہ سلطان انام

انبیا ہون وہنی بائین صف بصف
اور ملائک کی پری ہو جوق ہر طرف

سب کھڑی ہووین ادب سی سو بسو
اوسکی نیچی آدم و من دونہ

محو روی پاک سلطان زمن
سینہ چاک و دردناک و نعرہ زن

کوئی نالان با دل مایوس ہو
اور کوئی ملتا کف افسوس ہو

کوئی کہتا ہو کہ ای سلطان دین
یان شفیع عاصیان کوئی نہین

کوئی کہتا ہو کہ ای شاہ امم
آسری پہ بس تری جیتی تھی ہم

کوئی کہتا ہو خبر لیجی مری
رحمت عالم مدد کیجی مری

کوئی کہتا ہو کہ ای جان جہان
کیون نہین ہلتی لب گوہر فشان

ای جمالت قبلہ گاہ عاصیان
وی جنابت تکیہ گاہ بیکسان

ای رخت آئینۂ انوار ذات
وی لبت سرچشمۂ آب حیات

ای قدت شور قیامت را جواب
وی خرامت جلوۂ یوم الحساب

…گارد سر ہسار و جان نثار
بر در تو آمدہ امیدوار

پاس موسی کی جو یہ سب جائینگی
تب کلیم اللہ یون فرمائینگی

کیا خدا کو منہ بہلا دکھلاؤن اب
ہان مگر عیسی ہی روح پاک رب

ہی وہ مقبول خدای ذو الکرم
بندۂ خاص و رسول محترم

جائینگی جب وان بحال قبیح
تب یہ فرمائینگی اون سب سی مسیح

لیکن اب تمکو ہی گر رنج و تعب
جاؤ تم پیش محمد با ادب

بیحد و ہر جرم رب کائنات
مغفرت کی اوسکو دیتا ہی برات

ہی خطا سی تیرا دامن پاک صاف
تو کری جو کچہ وہ تجھکو ہی معاف

ہی یہ ارشاد شہ گردون اساس
آئینگی سب جمع ہوکر میری پاس

ہول محشر سی جو سب گھبرائینگے
پاس سلطان رسل کی آئینگے

ظل طوبی جسکے سایہ سی خجل
آفتاب اوسکی ضیا سی مضمحل

جسکی خوشبو سی معطر ہون دماغ
اہل محشر کا ہی دل ہو باغ باغ

سبزہ میدان خلد گلشن نگر
سبزہ صحرا اوہی این بنی

خلعت خلقت بدن مین نور بر
سر پہ ہو تاج شفاعت زرنگار

اہل بیت پاک و سب اصحاب دین
اصفیا و اولیا و صالحین

اک طرف ہون جمع ارباب یقین
اک طرف ہووی گروہ عاشقین

کوئی روتا ہووی با آہ و فغان
کوئی گریان ہووے با درد نہان

اپنی کامو نسی کسیکو ہو ہراس
کوئی کہتا ہو کلام درد و یاس

کوئی کہتا ہو کہ ای میری رسول
تو شفاعت کر کریگا رب قبول

کوئی کہتا ہو کہ مین لاچار ہون
ای طبیب مہربان بیمار ہون

کوئی کہتا ہو بصد سوز و گداز
اک نظر کافی ہی ای بندہ نواز

اور کوئی مداح سلطان ہدی
یون کہیگا وان اگر چاہی خدا

گیسوت زنجیر دلہای حزین
ابروت محراب راس ساجدین

ای دہانت حقۂ داروی جان
وی بنایت فیض بخش عاصیان

یہ مسیح خستہ باحال تباہ
عذر خواہ و روسیاہ و پر گناہ

ہو گیا انجام مین میری خلل
خذ بلطفک لیس لی خیر العمل

ای حبیبِ کبریا ظلِ اله
ہاتہ پکڑی کون اس بیمار کا
جرم و عصیان سی بہت ہون روسیاہ
بس ہیچ اب دردِ باطن کہ چکا
سب جو روتی پیش حضرت جائینگے
ہی یہ ارشادِ شہ دنیا و دین
دیکہکر عز و جلال بارگاہ
سنکے میری التجا میرا کریم
جاکی زیرِ عرشِ ربِ ذوالجلال
وہ ثنا و حمد ہووینگے ادا
اور کہلینگے وان بلطفِ کبریا
سر رہیگا میرا سجدہ مین جہکا
ہان اوٹہا سر ای مری پیاری رسول
کیون پڑا سجدہ مین ہی زار و ملول
ای چراتی اینچنین اندوہگین
ای حبیبی بس کن این زاری و سوز
یون کرونگا حق سی اپنا عرضِ حال
بردر آمد این گدای کوے تو
خاص ہی یہ منصبِ شاہِ انام
انبیا بہی آئین پیش ذوالجلال
مین شفاعت کی لیی پیشِ خدا
یون کہیگا باہزاران التفات
بس مین نکلون اوسکی در سی باہر اور
اذن چاہون پہر بصد عجز و نیاز
خاک پر دیکہی گا جب مجکو گرا
حال پر میری کرم سے کر نگاہ
یہ تو بندہ ہی تری سرکار کا
تیری دامنکی مین لیتا ہون پناہ
ہان بیان کر پہر حدیثِ مصطفی
قبلۂ دین اوسکی یون فرمائینگے
مین چلونگا سوی رب العالمین
اور جبروتِ ورِ عالم پناہ
اذن دیگا مجکو با فضلِ عظیم
جب مین دیکہونگا جمالِ بیمثال
جو مجہی الہام فرماتی خدا
مجپہ وہ بابِ محامد اور ثنا
ہوگی جبتک میری مولے کی رضا
ای محمد صلعم ای نبیِ دل ملول
تو شفاعت کر مین کرتا ہون قبول
بر مکن داری چرا سر از زمین
از زمین بردار روی دل فروز
ای خدای کبریا ای بیمثال
ای عنانِ خلق در قابوی تو
بس شفاعت مین ہی کبری اسکا نام
ہوا نہین بہی تب تکلم کی مجال
جاونگا بس اتنی کہتا ہوا
جائین اون لوگونکو دیتا ہون نجات
آتشِ دوزخ سی چہٹکر شاد و شاد
جب بلائی مجکو ربِ کارساز
دیگا خالق اسطرح سی پہر ندا
تو ہی بتلا ای شفیعِ عاصیان
چہوڑ کر تجہکو کہان جائی غریب
رحم کر رحم ای شہِ بندہ نواز
چہٹ گئی شبدیزِ خامہ کی عنان
ہان مجہی خالق نی یہ رتبہ دیا
جب قریبِ بارگاہِ کبریا
اذن چاہونگا کہ ای ربِ غفور
ہونگا مین اوسدم بصد عجز و نیاز
با دلِ نالان و چشمِ اشکبار
وہ محامد اور وہ نطق و بیان
جو نکہولی ہون خدانی سر بسر
جوشِ رحمت کا جب آئیگا اوسپر
کہیگا تو مجہسی اب ترا مطلب ہی کیا
مانگ تو جو تجکو ہو وہی مانگنا
ای چرائی سر بہ پیش افگندہ
سنکے یہ انعامِ ربِ کردگار
بردر آمد مصطفی زاری کنان
بس عیان ہوا اوسکی رحمت بیحساب
یہ مناجاتِ شہنشاہِ عرب
اب یہ کرتی ہین رسولِ انس و جان
مجہکو محزون دیکہکر اور بیقرار
جنکی دلمین ہووی ایمان ذرّہ بہی
جنت الفردوس مین داخل کرون
دیکہکر جاہ و جلالِ کبریا
ای محمد بار ان اوٹہا تو اپنا سر
یہ سگِ درگاہ اب جائی کہان
ای خدای پاک کی پیاری حبیب
ای مری دردِ دلونکی چارہ ساز
تہا کہان اور ہو رہا اسدم کہان
مین شفیعِ خلق ہون پیشِ خدا
جاکی ہونچونگا بصد خوف و رجا
ہو عطا اب عزت و قرب و حضور
داخلِ درگاہِ ربِ کارساز
مین کرونگا سجدہ پیشِ کردگار
مین تہا اون آج یہ طاقت کہان
میری قبل ایسی محامد اور پر
بسبہی ندا اسطرح دیگا رب مجہی
مین سنونگا تیری دلکا مدعا
مدعا تیرا کرونگا مین عطا
ای رخت رشکِ ماہِ تابان بندہ
سر اوٹہاونگا بچشمِ اشکبار
معذرت خواہِ گناہِ امتان
اور شفاعت کا بہی ہووی فتحِ باب
ہووےگی مفتاحِ بابِ فضلِ رب
اپنی امت کی شفاعت کا بیان
کر کی اک حد معین کردگار
جو برابر بہی اگر ای مصطفی
راہ پہر مین بارگاہِ رب کی لون
پہر جہکون سجدہ مین باآہ و بکا
اب ہی کیا مطلب ترا ای باخبر

تو بیان کر ہم سنین وسکو تمام — ہو روا حاجت ہمین سب تب کی کام
کہکے یا رب امتی با صد ادب — مغفرت امت کی چاہون پیش رب
اور کہی مجہسی کہ ای میری سوال — اب ہو امت کی خاطر تو ملول
بس نکالون اونکو با صد اہتمام — اور کرون رخصت سبھی دار السلام
جب نظر آئی مجہی اوسکا جلال — پہر گرون سجدہ مین اوسکی خستہ حال
پہر پکاری مجکو رب کارساز — ہان اوٹہا سر ہو چکا عجز و نیاز
پہر سنونگا اور دونگا تجکو سب — ہو چکا اذن شفاعت تجکو اب
اور اوٹہاؤن سر کرون حمد خدا — جسطرح سی پہلی مین ہون کہ چکا
ہین ابہی باقی بہت ای کردگار — تیری فضل و لطف کی امیدوار
مین نی بخشا اونکو با فضل و کرم — ہووی ایمان جنمین جو دل سی ہی کم
لاؤن سب امت بس اپنے مین نکال — ہان جو ہی باقی رہی وان خستہ حال
جب نکل آئی مری امت تمام — خلد مین لیجاؤن سبکو والسلام

جو طلب کر ہم سی وہ سب تجکو دین — گر شفاعت جسکی ہم اوسکو سنین
مجہکو روتا دیکہکر رب احد — پہر مقرر مجہسی کردی ایک حد
مثل ذرہ یا کہ خردل کی مثال — ہووی ایمان جسمین لا اوسکو نکال
پہر مین آؤن سوی درگاہ خدا — اذن لیکر عرش تک جاؤن چلا
اور رہون سجدہ مین وان محو حضور — چاہی جب تک وہ خداوند غفور
عرض کر مطلب بیان کر ماجرا — مدعا کیا اب ترا باقی رہا
جب سنون مین سب یہ رحمت کی کلام — پہر کرون پہر شفاعت اہتمام
یون کہون پہر ای اله العالمین — مجکو امت سی ابہی تسکین نہین
بس کری اک حد معین رب مرا — اور کہی اب جلد جا ای مصطفی
بلکہ ہو ادنی سی ادنی اس سی بہی — ہی رضا تیری مقدم ای نبی
جسکو قرآن مین خداوند ودود — دی چکا ہی نار مین حکم خلود
اکر چکی جب یہ بیان با صد سرور — تب لگی پڑہنی اس آیت کو حضور

رب تراب تجکو دیگا وہ مقام — جسکا ہی پیش خدا المحمود نام

عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا

اور لگی کہنی نبی انس وجان — جو کیا مین نی شفاعت کا بیان
لکھ چکا بس مین حدیث مصطفی — ترجمہ قول نبی کا ہو چکا

یہ پیمبر کا تمہاری ہی مقام — جسکا وعدہ کرتا ہی رب انام
عاشقان ذکر شاہ خوش خصال — سن چکی تم آپ کی رحمت کا حال

اب دل وجان سی کرو شکر خدا — جسنی کی تمکو یہ سب نعمت عطا

خاتمہ کتاب وشکر عزیز وہاب

شکر صد شکر ای خدای ذو الجلال — ای کریم وبی مثال وبی زوال
تو نہین محتاج توصیف جہان — ہمسے کیا ہو تیری قدرت کا بیان
ذات تیری بی عدیل وبی مثال — پاک وبی ہمتا قدیر و ذو الجلال
بی تری حکم ای اله العالمین — ایک پتا ہل نہین سکتا کہین
تجہسی روشن ہی زمین و آسمان — تیری قدرت کی ہین سب نیرنگیان
خاک کی پتلی کو تو گویا کرے — قطرہ ناچیز کو دریا کرے
تیری قدرت کی یہ دلی ہی دلیل — آتش نمرود گلزار خلیل
انبیا کو دیکی سب پر برتری — تو نی بخشا رتبہ پیغمبری
تو نی بہیجا اوس رسول پاک کو — سید عالم شہ لولاک کو

کس زبان سی ہو ادا تیری ثنا — پہونچی کیا بندی کی عقل نارسا
ہو ثنا تیری کسی سی کب ادا — جب کہی احمد کہ لا احصی ثنا
ہین تری محتاج ای میری خدا — انبیا و اصفیا و اولیا
اک جہان سرگشتہ تیری راہ مین — انبیا حیران تری درگاہ مین
کن کی کہنی سی کیا عالم بپا — اور جب چاہی اسی کردی فنا
نار کو دم مین گلستان تو کرے — مور کو دم مین سلیمان تو کرے
تو نی کی ہمکو ہدایت ای کریم — تجہسی پائی ہمنی راہ مستقیم
تو نی آدم کو خلافت کی عطا — تو نی احمد کو شفاعت کی عطا
تو خدا ہی اور وہ ہی بندہ ترا — تو نی یہ رتبہ کیا اوسکو عطا

تونی یان بھیجا بفضل سرمدی — اپنی رحمت کو بشکل احمدی
جسکے باعث سی خدای ذوالکرم — تیری رحمت سی ہوی سرشار ہم
ہوسکی ہم سی کب ای ذوالکبریا — شکر تیرا اور ثنای مصطفےٰ
ہر دم و ہر آن ہر صبح و مسا — ورد رہتا ہی مجھے صلِ علا
ہی دعا مجھی برای مصطفےٰ — خاتمہ ایمان پر ہووے مرا
ای ثناخوانِ رسولِ دوسرا — مثنوی کیا خوب لکھی واہ وا
سنکے یہ تیرا بیانِ با اثر — وجد مین ہین اہل ایمان سربسر
گر نہوتا فضل تیرا ای خدا — ہم کہاں پاتی بھلا یہ پیشوا
تہا نبی ہمپر جو اتنا مہربان — پس عنایت کا ہی یہ تیری نشان
توہی مالک توہی مولی تو خدا — وہ نبی ہی اور رسول اور پیشوا
اوسکی صدقی سی خداوندا غفور — مجھکو رکھنا آتشِ دوزخ سی دور
ہو چکا حالِ شفاعت سب بیان — ختم کرتا ہی مسیح اب داستان
ہی صحیح و معتبر تیرا کلام — ترجمہ ہی یہ حدیثونکا تمام
رو رہین ہین عاشقانِ مصطفےٰ — شور ہی ہرسو جزاک اللہ کا

تمام شد

نثر خاتمہ ترشح خامہ جادو رقم اعجاز قلم شاعر رنگین بیان فصیح اللسان واقف رموز خفی و جلی مولوی حکیم معصوم علی مسیح

سپاس بیقیاس اوس مالک الملک کو سزا ہی کہ جسکی ذات پاک لاشریک لہ و بی ہمتا ہی اور درود نامحدود اوس خواجہ عالم کو روا ہی کہ جو باعث ایجاد ارض و سماہی صلی اللہ علیہ و آلہ و صحبہ وسلم اما بعد کہتا ہی بندۂ گمنام آستانہ بوس سخنوران فصیح عاصی معصوم علی تخلص مسیح کہ یہ فقیر مسکین بدو شعور سی شیفتۂ ذکرِ خیر رسالت پناہی ہی اور فریفتہ حالات محبوب الہی ہی بمصداق من احب شیئا اکثر ذکرہ اسی ذوق مین مستلزم بنیاد محفل میلاد سید ابرار رہتا ہی اور اللہ پاک سی اس سعادت کی استمرار و دوام کا خواستگار رہتا ہی و باوجود فقدان استعداد و قلت استطاعت اکثر اشعار ناموزون مشحون بذکر پاک سید لولاک اپنی محاورہ و دہقانی مین لکہا کرتا تہا اور عاشقین ذکر حضرت سی بتر صد حسن قبول رہا کرتا تہا جب رفتہ رفتہ بہت اشعار جمع ہوی اور بعض احباب کی عنایت سی رسالہ ہای منظومہ متعددہ بحور مختلفہ مین ترتیب پاگئی مشتاقین ذکرِ رسولِ مقبول بمزید قدرشناسی عیب کو ذیل ہنر اور خطا کو دامن عطاسی چہپانی لگی یعنی باپس فقیر کم مایہ کی بہ تقاضای نقل و تسوید آنی لگی ہنوز نوبت نظر ثانی نہ آئی تہی رسائل ناتمام کو مسودے دست بدست تادور دست پہونچا ہر چند مین نی ان اشعار بی ربط کو چہپایا اور آپکو مضحکۂ ارباب سخن سی بچایا مگر یار و نکی افسانہ سیری سوائی کا دور دور پہونچا یا اور اصل یون ہی کہ جو یہ نظم تمام مشحون ذکر رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی چہپانی سی چہپ سکی مشتاقین کی محافل ذوق مین مشہور ہوئی ہمہ کارم زخودکامی ببدنامی کشید آخر + نہان کی ماند آن رازی کزو سازند محفلہا + ہجوم مشتاقین اور تمنای مخلصین کو دیکھکر آخر جناب شفیقی مکرمی عمیم الاشفاق کثیر الاخلاق مولوی محمد یعقوب صاحب نی اسکو اپنی مطبع مین چہپایا اور اس سودای گران بہا کو شایقین پر ارزان کیا خداوند کریم اونکو جزای خیر عطا کری اور اونکی دامن امید کو جواہر مقصود دلی سی بہری دنیا مین بلند نام ہو عالم مین احترام ہو امیدوار ہون کہ جب عزیزان خطاپوش و ناظرین عذر نیوش دیدۂ تمنا کو اس یوسف مصر خوبی کی جمال سی منور فرمائین افشاء عیوب فقیر کم مایہ مین کدنگرین اور اس بضاعت مزجاۃ کو رد نکرین اسواسطی کہ غایت اس سی کچہ اظہار جوہر قابلیت نہین بخدا سوا اسکی اور نیت نہین کہ مین بہی اس بازار کنعان ختم رسالت کے خریداروں مین داخل ہون اور جب قیامت کو اوسکی مداح شمار کی جائین مین بہی اوسکی نام لیوا مین گنا جاؤن + چو شد یوسف بخوبی گرم بازار + شنیدم کز تمنای خریدار + بکی بشنیدم کز غمش زار ... ٹہ تنیدہ ریسمانی چند میگفت + ہمین بس کہ من گشتہ ناشم + کہ در سلک خریدارانش باشم + و صلی اللہ تعالی علی خیر الورا ...

اطلاع بخدمت صاحبان مطابع

جو کہ کمترین نے حقوق تالیف و تصنیف این رسائل کی مولوی محمد یعقوب صاحب مہتمم مطبع افضل المطابع محمدی کو ہبہ کیی او ربخش دیی ہین اسواسطی یہ التماس ہی کہ کوئی صاحب انکی چھاپنی کا قصد اپنی مطابع مین بدون اجازت و استرضای مولویصاحب ممدوح نفرماوین جسقدر مطلوب ہوین مطبع موصوف سی بی تامل منگائین اہل پیشہ اور تجار کی واسطی قیمت مناسب مقرر کی ہی اشاعت پر نظر کی ہی اجیانا خلاف التماس ظہور ہوگا تو برا فتور ہوگا ملال کی سو انقصان ہوگا پریشانی کا سامان ہوگا بر رسولان بلاغ باشد و بس

العبد

نثر خاتمہ نوکریز قلم تا دب شیم عاصی محمد یعقوب انصاری

لایق حمد و ثنا وہ قادر توانا ہی جسنی کن کی کنایہ سی چشم رحمت کی اشارہ سی زمین و آسمان کو اتنا بلند و ہموار بنایا خورشید و ماہ شب کا کیسی چمک دمک سی جلوہ دکھایا لیل و نہار کا فرق نظر آیا چشم توجہ سی چشمہای رحمت جاری کیی خاک بی بنیاد کو نوت نامیہ بخشی طرح طرح کی گل کہلائی کیسی کیسی مخلوقات بنائی سب مین انسانکو معزز کیا اشرف المخلوقات فرمایا ایسا یہ مشت خاک مقبول درگاہ ہوا کہ فرشتون کا سجدہ گاہ خلعت خلافت عطا ہوا مرتبہ سوا ہوا پہلی اپنی نور ذاتی کی پرتو او رتجلی اس کالبد خاکی پر ظاہر کی روح لطیف دماغ مین در آئی توحید سی زبان حال کو گویائی دی حس و حرکت فہم و فراست ملی کہ سبکو رشک آیا شیطان نی سر پھرایا زمین کا مزاج آسمان پر پہنچا جیسی حبیب جلیل مرسل خلیل کا مسکن ہوا سبکا مامن ہوا ظہور آدم علیہ السلام سی تا ایندم جو کچھ ہوا اور ہوگا سب اوسکی وحدانیت کی دلیل ہی ذات پاک اوسکی بیعدیل ہی اوسکی حمد و ثنا ہم سے ہیچمدان کج مج زبان سی کب ادا ہو جسمین حبیب الہی نی یہ ارشاد کیا ہو ما عرفناک حق معرفتک اور نعت سرور کاینات مفخر موجودات اشرف قوم بنی آدم نبی محترم حبیب رب العالمین خاتم النبیین شفیع المذنبین احمد مجتبی محمد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ و صحابہ وسلم چھوٹا مونہہ بڑی بات ہی سب پر ظاہر ہی ہر ہوشمند اس نکتہ سی ماہر ہی کہ ظہور اوسکا باعث وجود کاینات ہی اوسکی تجلی نورانی ظلمت کفر و ضلالت اس خاکدان پر غبار سی مٹائی ہم ایسی کور باطنونکو ہدایت کی راہ راست دکھائی پہلی معجزہ شق القمر ظاہر ہوا تمام عالم آپ کی عظمت و برتری سی ماہر ہوا جسکی صفت و ثنا خداوند زمین و آسمان خود فرمائی اوسکی نعت کو انسان کہان سے زبان لائی دست و قلم ادب سی صفحہ قرطاس پر کیونکر نہ تہرای علیہ و علی آلہ الصلوۃ والسلام اور منقبت آل اطہار و صحاب کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کہ جنکی شان مین آیہ تطہیر نازل ہی حق جل و علا خود قائل ہی ولا اونکی عین ایمان ہی واقف ایک جہان ہی اما بعد ای صافیدلان عالی گہر و مشتاقان و الانظر پر ظاہر ہو کہ اندنون جوش محبت و ولا سی فیض توجہ کبریا سی پانچ رسائل نظم بیان میلاد شریف سرور انبیا و فضائل و بعثت و شفاعت حضرت خیر الورا علیہ الصلوۃ والثنا تصنیف فصیح معجز بیان بلکہ غیب اللسان مسلم الثبوت عالم برادر مکرم واقف امور خفی و جلی ماہر رموز علم بزرگ مولوی حکیم معصوم علی صاحب فتحپوری جو نظر سی گذری بہت پسند ہوئی حقیقت مین ایسا سلسلہ نظم نظر سے نہین گذرا اگر ہر بیت کو تجلی طور سی تشبیہ دیجیی تو بجا ہی انوار الٰہی سے ہر مصراع بھرا ہی بلکہ ہر مصرع مطلع خورشید سی فروزنتر ہی چشم اہل نظر ہی ہر لفظ آب و تاب مین گوہر بی بہا ہی معنی لطیف سی مملو ہی اسے رتبہ مین [illegible]

…ر قدسی تصنیف سید مہدی حسن صاحب تخلص مخلص

تیری تعریف کا ہی بی اولے | خلق خالق نی نہین سمجہا کیا کوئی نہی
… یہ ہوئی خلق سی عتب طلبی | مرحبا سید مکی مدنی العربی

٥٢ دل و جان باد فدایت کہ عجب خوش لقبی

تیرے جیسا نہ پیدا ہوا کوئی آدم | دنگ ہی حسن ترا دیکہ کی سارا عالم
ماہِ کنعان تیری آگی ہی بہا سی ہی کم | من بیدل بجمال تو عجب حیرانم

٥٣ اللہ اللہ چہ جمال ست بدین بوالعجبی

چرخ والا کی کی دوری سی پہرا ہون در بدر | گردشِ دہر سی یون حال ہوا ہی ابتر
صاحب الرحم ہون ای نورِ خدا فخرِ بشر | چشمِ رحمت بکشا سوی من انداز نظر

٥٤ ای قریشی لقبی ہاشمی و مطلبی

ابر نیسان صدفِ دہر کو ہی ترا نام | رحمت حق تجہی سب جانتی ہین خاص و عام
شہد خالص سی کہین خوب ترا عذب کلام | نخل بستان مدینہ ز تو سر سبز مدام

٥٥ زان شدہ شہرۂ آفاق بشیرین رطبی

ظلمت کفر سی جس گہڑی چمکا ترا نور | ہوئی کفار ہر اک معترف جرم و قصور
دولت دین سی ہوا خانہ عرب کا معمور | ذات پاک تو کہ در ملک عرب کردہ ظہور

٥٦ زان سبب آمدہ قرآن بزبان عربی

تیری ہی شان مین خالق نی یہی فرمایا | تو نہوتا تو مین عالم کو نہ پیدا کرتا
بس تیری آگی کسی کا ہی بہلا کیا رتبا | نسبتی نیست بذات تو بنی آدم را

٥٧ برتر از آدم و عالم تو چہ عالی نسبی

چشمۂ فیض سی عالم مین تو ای نیک صفات | ابر رحمت سی نہین کم ہی ترا قطرۂ ذات
ہین تیری فیض سی شاداب گل موجودات | ما ہمہ تشنہ لبانیم و توئی آب حیات

٥٨ لطف فرما کہ ز حد میگذرد تشنہ لبی

عرش کو فخر ہی جو تیری ہی زیر قدم | کیون ملایک ہون جاروب کش صحن حرم
مسکو تنبہ جو تیری خادمی کا ماری دم | نسبت خود بسگت کردم و بس منفعلم

٥٩ زانکہ نسبت بسگ کوی تو شد بی ادبی

ہی تصدق سی تیری چرخ پہ زندہ عیسی | خلق کو فیض مبارک سی ہی حاصل تا ہی

اتنو برا مین لی … جدی صورت …

ایضاً — آمدہ پیش تو قدسی پی درمان طلبی — خمسہ دلیر

فتح خنک حلقہ بدر مین کیا تو نی لگی | بدر و ونگڑی کیا اک دکہا کر انگلی
ترا ہمسر نہین ای ختم رسل کوئی نبی | مرحبا سید مکی مدنی العربی

٥٢ دل و جان باد فدایت کہ عجب خوش لقبی

حسن یوسف تہا فقط لمعۂ نور اکرم | مہ و خورشید کو حیرت ہی کہ ہون نقش قدم
کس سی تشبیہ دون اور کیا کہون ای شاہ امم | من بیدل بجمال تو عجب حیرانم

٥٣ اللہ اللہ چہ جمال ست بدین بوالعجبی

شب معراج کو اوس جا ہوا رونق افزا | جس جگہ کوئی فرشتہ نہین پہنچا جاتا
نور سی جسم ترا الشبیہ لولاک بنا | نسبتی نیست بذات تو بنی آدم را

٥٤ برتر از آدم و عالم تو چہ عالی نسبی

قاب قوسین جگہ تیری ہی ای عرش مقام | گلشن آرای جہان ہی تو ہی ای فخر انام
چاشنی بخش زبان فصحا تیرا کلام | نخل بستان مدینہ ز تو سر سبز مدام

٥٥ زان شدہ شہرۂ آفاق بشیرین رطبی

گو کہ امی ہی تو ای شاہ جہان مین مشہور | ہی مگر علم خدا سی ترا سینہ معمور
تو نی منسوخ کی توریت و انجیل و زبور | ذات پاک تو درین ملک عرب کردہ ظہور

٥٦ زان سبب آمدہ قرآن بزبان عربی

تابہ کی ہجر مین اسطرح سی تڑپین دن رات | اتنو اس نسبت سی بہتر ہی جو ہو جائی وفات
حال مشتاق پہ لکا کر غور تو ای نیک صفات | ما ہمہ تشنہ لبانیم و توئی آب حیات

٥٧ رحم فرما کہ ز حد میگذرد تشنہ لبی

تیری تب سی ہی اگاہ خدائی اکرم | ذات والا ہی شہا فخر عرب و عجم
اک خطا دو ہو کہی ہین مجہ سی عربی ای شاہ امم | نسبت خود بسگت کردم و بس منفعلم

٥٨ زانکہ نسبت بسگ کوی تو شد بی ادبی

عرض خدمت مین بیتاب کی ہی ہر گہڑی | کوئی دنیا مین سہارا نہین رکہتا قدسی
تیری تعریف مین قاصر ہی زبان عالم کی | سیدی انت حبیبی و طبیب قلبی

آمدہ پیش تو قدسی پی درمان طلبی

غرہ ماہ ذی الحجہ سنہ ۱۲ ہجری کو زینت طبع پائی

بہت پسند فرمائی زیادہ سُننی کی مشتاق ہوئی بہت اصرار کیی مجبور کلام بلاغت نظام پیش کیا عروس مضمون کا جلوہ دکھایا
اوسوقت کا عجب حال تھا قاری سامعین کو وجد کمال تھا جب خاطر مشتاقون کو تسکین ہوئی نقل طلب کی اوسوقت دل مضطر ہوا
کہ علیحدگی سخت شاق تھی خاطر پریشان ہر دم مطالعہ کی مشتاق تھی اوس تشویش مین نیاز گستر کو حسنات سمجھکر یہ خیال آیا کہ اس در نظم
بی بہا کو سلک طبع مین منسلک کر کی مشتاقان باصفا کو دکھائی نہایت زیب و زینت سی شایقین کی روبرو لائی ہر خاص و عام بہرہ مند ہو
جو سُنی وہ دیکھنی کا خواہشمند ہو عاجز کی مراد بر آئی اس ذریعہ سی مکروہات دنیا اور آلایش گناہ سی پاک ہو جائی باز پرس حشر سے
بیباک ہو جائی کہ زندگی چار دنکی ہی ایکدن مرنا ہی اس دار ناپایدار سی سفر کرنا ہی اللھم اغفر وارحم وانت خیر الراحمین دم واپسین کا
دغدغہ رہتا ہی نہ ہر طرحکی سختی شامت اعمال سی انسان وقت نزع سہتا ہی تب غفلت کا حال ظاہر ہوتا ہی اپنی حرکات سے ماہر
ہوتا ہی اوسدم بجز افسوس کیا ہاتھہ آتا ہی حشر تک صدمۂ حسرت رہ جاتا ہی ہر چند اوسکی ذات غنی و کریم ہی اور حبیب اوسکا رحیم
ہی جسکی بندہ اور امت ہین یقین ہی کہ جب بحر رحمت جوش مین آیگا گناہگارون کا نامۂ اعمال دہو جایگا ہر عاصی شفاعت پائیگا
بی عیب ذات خدا ہی اور سہو و غلط بشریت کا مقتضا ہی مگر یہ نظم بھی بی مثل و بی ہمتا ہی ناظرین پر فصاحت و بلاغت کا حال ظاہر ہو جائیگا
ہر شخص حسن بندش الفاظ سے واقف ہو کر تحسین کے کلام بازبان پر لائیگا حرز جان سمجھکر خانۂ دل مین جا دینگی نقد جان کی عوض ارزان سمجھکر لینگی ابیات

مقبول کیون نہ جہان مین ایسا کلام ہو
مقبول خلق ہوتی ہی وصاف کا سخن
قندیل عرش کے کہیں سب پھبتیان فصیح
مٹ جاے دل سی فکر جہان خراب کی
یارب زبان بند رہی ذکر غیر سے
مصروف عدل ہووے شہنشاہ دو جہان
رہتی کو عابدونکو ملی جنت نعیم
تب آئی بحر رحمت خلاق جوش مین
پہلی زبان پاک سی فرمائین حمد رب
جنت مین جائین آپکی امت کے لوگ سب

جسمین کہ خاص ذکر رسول انام ہو
مداح کا جہان مین تب ہی احترام ہو
نعت محمدی مین یہ روشن کلام ہو
نفس پلید اوسکی توجہ سی رام ہو
ذکر رسول اپنی زبان پر مدام ہو
ہر ایک کا شمار حلال و حرام ہو
اور عاصیونکا قعر جہنم مقام ہو
اور روان نہ دل حضرت خیر الانام ہو
پھر بخشش امم کا زبان پر کلام ہو
اوسدم عطا ہر ایک کو کوثر کا جام ہو
ہی التجا یہ نطق کی رب غفور سے

قابل درود پڑھینگی پھر وہ کلام ہو
حیرت مین آئین دیکھکی سب حاملان عرش
گویا زبان ہی جو ثنای رسول مین
صدقے مین اوس حبیب خدای کریم کے
ق روز شمار جمع ہون سب آکے انس و جان
آئین جو اوڑکی نامۂ اعمال ہاتھہ مین
دل مضطرب ہو چشم خجالت ہو اشکبار
حاضر ہون انبیا سبھی پیش حضور رب
حاصل ہو حکم رب سے شفاعت کا مرتبہ
حیرت مین آئین دیکھکے سب حاملان عرش
وقت اخیر لب پہ محمد کا نام ہو

جسمین بیان حلیۂ خیر الانام ہو
مداح مصطفی کا یہ عالی مقام ہو
بیشک سخنورونمین وہ ذی احترام ہو
حاصل ہمین زیارت بیت الحرام ہو
امید انمین عاصیونکا بہت ازدحام ہو
آگاہ نیک و بد سی اک خاص و عام ہو
افسوس کے سوا نہ زبان پر کلام ہو
حضرت کا جا کی عرش معلی مقام ہو
سب عاصیونکا آپکی صدقے مین کام ہو
ہمسے گناہگارونکا جنت مقام ہو

مہر افضل المطابع محمدی

تمام شد